بسم اللہ الرحمن الرحیم

Federal Shariat Court

Islamabad 25-10-2021

ڈاکٹر محمد مطیع الرحمٰن

سینئر ریسرچ ایڈوائزر

فون نمبر 051-9203443

پریس ریلیز

اسلام آباد( )وفاقی شرعی عدالت نے سورہ رسم کو غیر اسلامی قرار دیا ہے۔ جناب جسٹس محمد نور مسکانزئی چیف جسٹس وفاقی شرعی عدالت کی سربراہی میں فل بنچ جس میں جناب جسٹس ڈاکٹر سید محمد انور اور جناب جسٹس خادم حسین ایم شیخ شامل تھے، نے شریعت پٹیشن نمبر۱/آئی/۲۰۱۷ء (سکینہ بی بی وغیرہ بنام حکومت پاکستان وغیرہ) کی سماعت کی اور قرار دیا کہ سورہ رسم اسلامی تعلیمات کے منافی ہے۔ معزز عدالت نے مزید قرار دیا کہ قرآنی آیات اور احادیث نبویہ کی روشنی میں یہ رسم، جو ملک کے مختلف علاقوں میں مختلف ناموں سے رائج ہے، قطعاً غیر اسلامی ہے اور قرآن وسنت کی تعلیمات کے خلاف ہے۔ معزز عدالت نے مزید وضاحت کی کہ اس رسم کے خلافِ اسلام ہونے پر جمہور علماء کا اجماع ہے۔

واضح رہے کہ سورہ کی رسم جس میں عورت کو بدل صلح کے طور پر دیا جاتا ہے اور پاکستان کے مختلف علاقوں میں مختلف ناموں سے رائج چلا آرہا ہے، حکومتِ پاکستان نے تعزیراتِ پاکستان کی مختلف دفعات کے تحت اس رسم کو قابلِ تعزیر جرم قرار دیا ہے۔ لیکن پھر بھی بعض قبائلی علاقوں میں یہ رواج موجود تھا، جس کے خلاف متذکرہ بالا شریعت درخواست دائر ہوئی تھی۔

ڈاکٹر محمد مطیع الرحمٰن

سینئر ریسرچ ایڈوائزر